سوال

(62) عورتوں کوخط وکتابت کی تعلیم دینا جائز ہے۔ یا نہیں۔؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورتوں کوخط وکتابت کی تعلیم دینا جائز ہے۔ یا نہیں۔؟ (سائل ٹھیکیدار محمد صادق ضلع ڈیرہ دوں)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جائز ہے۔ (کتب حدیث) بشرط یہ کہ نیت فاسد نہ ہو۔

کما ہوالیس بخفی علی ماہر الکتاب والسنة

نیز امام بخاریؒ کا فتویٰ بھی جواز پر ہے۔

کما یوب فی الادب المفرد (فتاویٰ ستاریہ جلد 1 صفحہ 70)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 12 ص 137